روزنامہ
جانباز کراچی

جلد نمبر 25 | منگل 17 رمضان المبارک 1446ھ 18 مارچ 2025ء صفحات 4 | شمارہ 314

# PPP سندھ سرکار کا سولر انرجی پروجیکٹ انقلابی اقدام ہے

## گورنمنٹ اقبال اسکول عابد آباد میں سولر سسٹم تقسیم کرنے کی پروقار تقریب، مہمان خصوصی ٹاؤن چیئرمین بلدیہ عبدالکریم آسکانی کا خطاب

کراچی (جانباز نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی کی | حکومت سندھ کی جانب سے غریب اور مستحق عوام | بقیہ نمبر 2 2 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیے

کے لیے ایک اور انقلابی قدم، سندھ سولر انرجی پروجیکٹ کے تحت بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مستفید ہونے والے 16 مستحق گھرانوں میں مفت سولر سسٹم تقسیم کیے گئے۔ یہ شاندار تقریب گورنمنٹ اقبال اسکول، بی بلاک، وارڈ 3، عابد آباد میں منعقد ہوئی، جس میں مہمان خصوصی ٹاؤن چیئرمین بلدیہ پاکستان پیپلز پارٹی جناب عبدالکریم آسکانی نے شرکت کی۔ اس تقریب میں وائس چیئرمین ٹاؤن عجب خان سواتی پینڈز کے ڈسٹرکٹ ایگزیکٹو آفیسر زیشان یاسین، گورنمنٹ اسکول کے ہیڈ ماسٹر اختر نواز، تنظیمی عہدیداران، یوسی صدور، پارٹی کارکنان، جیالے، خواتین اور علاقہ مکینوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی عوام دوست پالیسیوں کا تسلسل اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ٹاؤن چیئرمین عبدالکریم آسکانی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ غریب عوام کے حقوق کے لیے کھڑی رہی ہے اور سندھ سولر انرجی پروجیکٹ اسی عوام دوستی کا ایک عملی ثبوت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں سندھ حکومت عوام کو درپیش توانائی کے بحران کو ختم کرنے کے لیے قابل تجدید توانائی کے منصوبے متعارف کروا رہی ہے تاکہ غریب عوام بھی روشنی سے محروم نہ رہیں۔ روشن سندھ خوشحال پاکستان یہ منصوبہ نہ صرف غریب عوام کو مفت بجلی فراہم کرنے کی ایک اہم کاوش ہے بلکہ یہ ملک میں قابل تجدید توانائی کے فروغ کی جانب بھی ایک بڑا قدم ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے اس تاریخی فلاحی منصوبے کے تحت مستحق گھرانے نہ صرف مفت سولر سسٹم حاصل کر رہے ہیں بلکہ وہ بجلی کے اضافی بلوں کے بوجھ سے بھی آزاد ہو رہے ہیں۔ تقریب میں